# نوٹس نیلامی کینٹین اور ٹک شاپ (صداقت لاونج)

# فیصل آباد انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی، فیصل آباد

فیصل آباد انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی، فیصل آباد کی **کینٹین اور ٹک شاپ** کا نیلام عام عرصہ دو سال کیلئے مندرجہ ذیل شیڈول کے مطابق ہوگا۔ نیلام عام میں حصہ لینے کے لئے ٹینڈر دفتری اوقات میں بعوض مبلغ -/2000 روپے (نا قابل واپسی) کا چالان جمع کروا کے دفتر ہذا سے خریدے جاسکتے ہیں۔ نیلامی کاغذات کے ہمراہ مبلغ -/1,500,000 روپے (صرف پندرہ لاکھ روپے) کی کال ڈیپازٹ جو کسی بھی شیڈولڈ بینک کی جاری کردہ ہولف کرنا لازمی ہوگی ورنہ بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہوگا۔

کاغذات بابت نیلامی مورخہ 25-06-2022 کو بوقت 03:00PM بجے تک خریدے جاسکتے ہیں۔ کاغذات بابت نیلامی مورخہ 27-06-2022 کو بوقت 11:00AM بجے تک جمع کروائے جائیں گے اور اُسی دن بوقت 12:00PM بجے نیلامی ہوگی۔ اگر نیلامی اس تاریخ کو فائنل نہ ہوسکی تو پھر نیلامی مورخہ 29-06-2022 کو بوقت 11:30 AM بجے ہوگی اور اگر نیلامی اس تاریخ کو بھی نہ ہوسکی تو پھر نیلامی مورخہ 01-07-2022 کو بوقت 11:30 AM بجے ہوگی۔

**نوٹ:۔** دیگر تفصیل و شرائط ٹینڈر فارم میں درج ہونگی۔

**میڈیکل سپرنٹنڈنٹ** O/C

فیصل آباد انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی،

فیصل آباد

# شرائط نیلامی ٹھیکہ برائے مین ہسپتال کینٹین اور ٹک شاپ (صداقت لاونج)، ایف۔آئی۔سی، فیصل آباد

-1 ٹھیکہ مدت 02 سال 24-2022 تک ہوگی۔ جس میں اچھی کارکردگی کی بنیاد پر 03 ماہ کی توسیع کی جا سکتی ہے۔ نیلامی دو سال کیلئے ہوگی، دوسرے سال کا ٹھیکہ پہلے سال کے ٹھیکہ میں دس فیصد اضافہ کے ساتھ کیا جائے گا۔

-2 بولی میں حصہ لینے سے قبل 15 لاکھ روپے کا کال ڈپازٹ بنام میڈیکل سپرنٹنڈنٹ فیصل آباد انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی، فیصل آباد جمع کروانا ہوگا۔

-3 کسی بھی شیڈول بنک سے اپنی مالی پوزیشن کے بارے ثبوت کم از کم 25 ملین موجودہ بیلنس کی بنک سٹیٹمنٹ مہیا کرنا ہوگی۔

-4 ٹھیکہ دار کو کنٹین چلانے کے لئے اپنے ڈھانچے کی تفصیل دینا ہوگی۔

-5 کامیاب بولی دہندہ گان کو بولی ختم ہونے پر رقم نیلامی کا 1/4 حصہ مع تمام گورنمنٹ ٹیکسز نیلامی کے دن موقع پر جمع کروانا ہوگا اور بقایا رقم ماہانہ اقساط میں ہر ماہ کی 10 تاریخ تک جمع کروانا ہوگی۔ جس کے ایڈوانس چیک دینے ہونگے عدم ادائیگی کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ اور ٹھیکیدار کو بلیک لسٹ کر دیا جائے گا۔

-6 تمام انکم ٹیکس مروجہ شرح سے، نیلامی کی رقم (1/4 حصہ) کے ساتھ موقع پر جمع کروانا ہوگا۔

-7 ماضی میں بولی دینے والے کامیاب امیدوار اگر CDR چھوڑ کر بھاگ گئے ہوں تو وہ اس بولی میں حصہ نہ لے سکیں گے۔

-8 اگر کامیاب ٹھیکہ دار نے ہسپتال ہذا کو غیر ضروری مقدمہ بازی میں ملوث کیا تو آئندہ ہسپتال کی کسی بھی نیلامی میں حصہ نہیں لے سکے گا۔

-9 بجلی کا بل WAPDA Approved سب میٹرز کی ریڈنگ اور گیس کا نیا میٹر لگنے تک گیس کا بل پہلے سے طے شدہ فکس چارجز جو کہ Rs.18000/month کے حساب سے لئے جائیں گے اور مالی سال کے دوران جونہی سوئی گیس کے چارجز اتھارٹی (BOM) نے بڑھائے تو ٹھیکیدار اسکے حساب سے ادائیگی کا پابند ہوگا۔

-10 کال ڈپازٹ رقم بطور سیکورٹی ہسپتال ہذا میں جمع رہے گی۔ جو کہ ٹھیکہ کی تکمیل پر واپس کی جائے گی اور اگر کسی محکمہ کے واجبات ہوئے تو وہ سیکورٹی سے کاٹ لیے جائیں گے۔

-11 کامیاب بولی دہندگان کی طرف سے بولی کی رقم کا 1/4 وقت مقررہ تک جمع نہ کروانے کی صورت میں کال ڈپازٹ بحق ادارہ ضبط کر لی جائے گی اور اس کے بعد دوسرے اور تیسرے بولی دہندگان کو باری باری موقع دیا جائے گا جو بھی 1/4 موقع پر ادا نہیں کرے گا اُس کی کال ڈپازٹ بحق ادارہ ضبط کر لی جائے گی۔

-12 نامکمل مدت ٹھیکہ چھوڑ کر جانے کی صورت میں متعلقہ ٹھیکہ دار کی سیکورٹی/کال ڈیپازٹ رقم وجمع شدہ زرٹھیکہ بحق ادارہ ہذا ضبط کر لئے جائیں گے۔ اور اُسے بلیک لسٹ کر دیا جائے گا۔

-13 ٹھیکہ دار اپنا ٹھیکہ مکمل یا جزوی طور پر کسی دوسرے شخص کو Sublet کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔

-14 مجاز اتھارٹی کو کسی وقت بھی قوائد وضوابط میں تبدیلی کرنے کا حق حاصل ہے اور ٹھیکہ داران کا پابند رہے گا۔ ٹھیکہ دار کا کسی قسم کا نقصان ہونے کی صورت میں ادارہ ہذا ذمہ دار نہ ہوگا۔

-15 ٹھیکہ دار کو 100 روپے کے اسٹام پیپر پر تمام شرائط ومنظوری کا اقرار نامہ لیگل ایڈوائزر ادارہ ہذا کے پاس پیش کرنا ہوگا۔ Award Letter جاری ہونے کے بعد کال ڈیپازٹ ادارہ ہذا کے پاس ہی رہے گی۔

-16 شرائط ٹھیکہ/شرائط اقرار نامہ کی خلاف ورزی کی صورت میں سیکورٹی/کال ڈپازٹ مع ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا اور ٹھیکیدار کو بلیک لسٹ کر دیا جائے گا۔

-17 ادارہ ہذا کا کسی قسم کا نقصان جو بوجہ ٹھیکیدار ہوگا۔ ٹھیکیدار نقصان پورا کرنے کا پابند ہوگا۔

-18 کوئی بھی سرکاری ملازم نیلامی میں حصہ نہ لے سکے گا۔ نیز کسی محکمہ کا نادہندہ بولی میں حصہ نہ لے سکے گا۔

-19 ریٹ لسٹ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سے منظور کر کے آویزاں کرنا ہوگی۔

-20 کینٹین اور متعلقہ جگہ کی صفائی اور کوڑا کرکٹ اٹھانا ٹھیکہ دار کی ذمہ داری ہوگی اور اس کا معائنہ انتظامیہ ادارہ کسی بھی وقت کر سکے گی۔

-21 کسی قسم کی ناجائز تجاوزات کی اجازت نہ ہوگی۔ ناجائز تجاوزات کی صورت میں تجاوزات ختم کرنے کا خرچہ ٹھیکہ دار سے وصول کیا جائے گا۔

Scanned with CamScanner

22- مندرجہ بالا شرائط کی خلاف ورزی کی صورت میں انتظامیہ -/Rs.5000 پانچ ہزار روپے تک جرمانہ کر سکتی ہے۔ دو سے زیادہ بار خلاف ورزی کی صورت میں مجاز اتھارٹی کو اختیار حاصل ہوگا کہ ٹھیکہ منسوخ کر دے اور جمع شدہ سکیورٹی اور ٹھیکہ کی رقم بحق ادارہ ضبط کر لی جائے گی۔

23- ٹھیکہ دار جنرل سٹور آئٹمز بھی فروخت کر سکے گا۔ معیاری تازہ فروٹ، ملک شیک اور جوس اچھی شہرت کی حامل فرموں کا فروخت کرنے کی اجازت ہوگی۔ پانی کی بوتل، جوس، ٹن پیک معیاری اور رجسٹرڈ کمپنی کا اور ڈرائی فروٹ پیک شدہ فروخت کرے گا۔

24- ٹھیکہ دار گورنمنٹ کے قوانین کا پابند ہوگا۔ انتظامیہ ہسپتال ہذا کسی بھی وقت معائنہ کے لئے نمونے لے سکتی ہے اور لیبارٹری ٹیسٹ کی صورت میں اخراجات اور جرمانہ ٹھیکہ دار ادا کرے گا۔

25- کینٹین ماہ رمضان کے دوران مریضوں اور ان کے لواحقین کے لئے کھلی رہے گی۔ سرعام کھانے پر پابندی ہوگی۔ خلاف ورزی کی صورت میں ٹھیکیدار خود ذمہ دار ہوگا۔

26- کسی بولی دہندہ کو ٹھیکہ کے حتمی احکامات صادر ہونے تک کال ڈیپازٹ واپس نہیں کی جائے گی۔ اگر کامیاب بولی دہندہ قانون کے مطابق ٹھیکہ حاصل کرنے سے انکار کرے تو اُس کی کال ڈیپازٹ بحق سرکار ضبط کر لیا جائے گا۔ اور ادارہ دوسرے بولی دہندہ کو ٹھیکہ دینے کا مجاز ہوگا۔ اگر دوسرا بولی دہندہ قانون کے مطابق ٹھیکہ حاصل کرنے سے انکار کرے تو اُس کی کال ڈیپازٹ بحق سرکار ضبط کر لیا جائے گا۔ اور ادارہ تیسرے بولی دہندہ کو ٹھیکہ دینے کا مجاز ہوگا۔

27- ٹھیکہ دار گورنمنٹ کے مقرر کردہ ریٹس سے زائد ریٹس پر اشیاء فروخت نہ کر سکے گا۔ اُن کے ساتھ Expiry date نہ لکھنے کی صورت میں جرمانہ ہوگا۔

28- غیر معیاری اشیاء یا کسی قسم کی ممنوع اشیاء فروخت کرنا منع ہے۔

29- ہسپتال انتظامیہ دوران ٹھیکہ جگہ تبدیل کرنے کی مجاز ہوگی۔ جس پر ٹھیکہ دار کو کوئی اعتراض نہ ہوگا۔

30- کامیاب بولی دہندہ ہسپتال کی مہیا کردہ جگہ پر کینٹین کے معیاری سامان فرنیچر کا بندوبست کرے گا۔

31- ٹھیکہ دار کو ملازمین کی صحت کا سرٹیفکیٹ دینا ہوگا۔ انتظامیہ ہسپتال ہذا کسی وقت بھی ان کی صحت کا ٹیسٹ کروانے کو کہہ سکتی ہے۔ جس کا خرچہ بذمہ ٹھیکیدار ہوگا۔

32- ٹھیکہ دار کا کسی سرکاری ٹیچنگ ہسپتال کی کینٹین کا کم از کم 05 سالہ تجربہ ضروری ہے۔ تجربہ کا سرٹیفکیٹ یا ایوارڈ کی کاپی لگائیں۔

33- ٹھیکہ دار کو کینٹین کی مرمت و آرائش کرنا ہوگی۔

34- ٹھیکہ دار اشٹام پیپر پر بیان حلفی دے گا کہ اس نے جہاں بھی کام کیا ہے وہاں کسی بھی قسم کی مقدمہ بازی میں ملوث نہ رہا ہے۔ اور نہ ہی اُس ادارہ میں اس کو بلیک لسٹ کیا ہے۔

35- ٹھیکہ دار کو انکم ٹیکس اور سیل ٹیکس کے تصدیق شدہ سرٹیفکیٹ جمع کرانے ہوں گے۔

36- پنجاب فوڈ اتھارٹی سے رجسٹرڈ ہو اور پنجاب فوڈ اتھارٹی کے قوائد وضوابط کی پابندی کرنا ضروری ہوگی۔

37- کینٹین کے معاملات پر Eexecutive Director یا Medical Superintendent یا اُن کا مقرر کردہ نمائندہ نظر رکھے گا۔

38- ٹک شاپ (صداقت لانج) میں صرف تیار شدہ اشیاء فروخت کرنے کی اجازت ہوگی، کچن بنانے/چولہا جلانے کی اجازت نہ ہوگی۔

39- ٹھیکیدار صداقت ہال میں ٹک شاپ کیلئے مختص جگہ پر اشیاء رکھنے کا پابند ہوگا۔

40- صرف ایم ایس کی منظور کردہ جنرل سٹور آئٹمز بیچنے کی اجازت ہوگی۔

41- بجلی کا بل (صداقت لاونج) سب میٹر کی ریڈنگ کے حساب سے وصول کیا جائے گا۔

42- جنرل سٹور / ٹک شاپ اور متعلقہ جگہ کی صفائی اور کوڑا کرکٹ اٹھانا ٹھیکہ دار کی ذمہ داری ہوگی اور اس کا معائنہ انتظامیہ ادارہ کسی بھی وقت کر سکے گی۔

43- ٹھیکہ دار MRP ریٹس کے مطابق اشیاء فروخت کرنے کا پابند ہوگا اور جہاں ریٹس نہیں لکھے ہوں گے وہاں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سے ریٹس مقرر کروائے گا۔

44- ٹھیکیدار کو پنجاب گورنمنٹ، لوکل گورنمنٹ اور بورڈ آف مینجمنٹ کے بنائے ہوئے قوانین اور اوپر دی گئی شرائط کی پابندی کرنا ہوگی کسی بھی خلاف ورزی کی صورت میں Security ضبط کر لی جائے گی اور ٹھیکیدار کو بلیک لسٹ کر دیا جائے گا۔

45- کینٹین کے تمام ملازمین کی الگ یونیفارم ہوگی۔

46- ٹھیکیدار اپنے تمام ملازمین کو یونیفارم، کیپ، ماسک اور گلوز پہنانے کا پابند ہوگا، اور COVID-19 کے تمام SOP's پر عمل کرنا ہوگا۔

47- ٹھیکیدار تمام کسٹمرز کو Bill مہیا کرنا ہوگا۔

Scanned with CamScanner

48- متذکرہ بالاشرائط میں سے کسی ایک کی بھی خلاف ورزی کی صورت میں اتھارٹی کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ ٹھیکہ منسوخ کر دے اور تمام جمع شدہ رقم بحق ادارہ ضبط کر لی جائیگی اور ٹھیکیدار کو بلیک لسٹ کر دیا جائے گا۔

| | | |
|---|---|---|
| ڈی۔ایم۔ایس (ایڈمن)<br>ایف۔آئی۔سی،فیصل آباد | ڈی۔ایم۔ایس (پرچیز)<br>ایف۔آئی۔سی،فیصل آباد | اے۔ایم۔ایس (ایڈمن)<br>ایف۔آئی۔سی،فیصل آباد |
| ڈائریکٹر فنانس<br>ایف۔آئی۔سی،فیصل آباد | اے۔ایم۔ایس (پرچیز)<br>ایف۔آئی۔سی،فیصل آباد | ایم۔ایس<br>ایف۔آئی۔سی،فیصل آباد |

Scanned with CamScanner

# ضروری کاغذات بابت نیلامی کینٹین اور ٹک شاپ (صداقت لاونج) (Annex-A)

1. شناختی کارڈ کی کاپی۔
2. انکم ٹیکس رجسٹریشن سرٹیفیکیٹ۔
3. سیلز ٹیکس (پی۔آر۔اے) رجسٹریشن سرٹیفیکیٹ۔
4. سرٹیفیکیٹ پنجاب فوڈ اتھارٹی۔
5. سرکاری ٹیچنگ ہسپتال کی 05 سالہ کینٹین چلانے کا اطمینان بخش تجربہ۔
6. CDR لاگت مبلغ 15 لاکھ روپے۔
7. بیان حلفی کہ فرم یا ٹھیکیدار کسی بھی ادارے سے بلیک لسٹ نہ ہوا ہو۔
8. کسی بھی شیڈول بنک سے اپنی مالی پوزیشن کے بارے ثبوت کم از کم 25 ملین موجودہ بیلنس کی بنک سٹیٹمنٹ مہیا کرنا ہوگی۔

**نوٹ: مندرجہ بالا ضروری کاغذات مہیا کرنے ہوں گے جس کی بنیاد پر ان ٹھیکہ داروں کی Technical Evaluation کی جائے گی۔**

ڈی۔ایم۔ایس (ایڈمن)
ایف۔آئی۔سی،فیصل آباد

ڈی۔ایم۔ایس (پرچیز)
ایف۔آئی۔سی،فیصل آباد

اے۔ایم۔ایس (ایڈمن)
ایف۔آئی۔سی،فیصل آباد

ڈائریکٹر فنانس
ایف۔آئی۔سی،فیصل آباد

اے۔ایم۔ایس (پرچیز)
ایف۔آئی۔سی،فیصل آباد

ایم۔ایس
ایف۔آئی۔سی،فیصل آباد

Scanned with CamScanner